
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُدْعُونِیٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (المومن ۶۰)

# آغوش رحمت

الحزب الاعظم آسان اُردو ترجمہ کے ساتھ



امام الزاہدین والعارفین حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

اپنی دعاؤں میں مجھے یاد رکھیں

رخسانہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (المومن ۶۰)

# آغوشِ رحمت

الحزب الاعظم آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

پیش کردہ

امام الزاہدین والعارفین

حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

شائع کردہ

دار الارشاد ــــ مدنی روڈ ــــ اٹک شہر (پاکستان)

فون ۲۴۸۴

Marfat.com

۲۹۷۶،۵۲
997.83
KAZ
387

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | دعا کی ضرورت اور فائدہ، الحزب الاعظم کا تعارف | ۳ تا ۱۸ |
| ۲ | پہلی منزل (جمعہ) | ۱۸ تا ۶۲ |
| ۳ | دوسری منزل (ہفتہ) | ۶۲ تا ۱۰۷ |
| ۴ | تیسری منزل (اتوار) | ۱۰۸ تا ۱۲۹ |
| ۵ | چوتھی منزل (سوموار) | ۱۳۰ تا ۱۵۳ |
| ۶ | پانچویں منزل (منگل) | ۱۵۴ تا ۱۷۹ |
| ۷ | چھٹی منزل (بدھ) | ۱۸۰ تا ۲۰۴ |
| ۸ | ساتویں منزل (جمعرات) | ۲۰۵ تا ۲۳۱ |
| ۹ | ختم ہفت سلاطین | ۲۳۲ |


اشاعت پنجم: ذوالحجہ ۱۴۱۹ھ — تعداد: ۱۰۰۰

مطبع: ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی — قیمت: -/۷۰ روپے

ناشر: دارالارشاد، مدنی روڈ، اٹک شہر (پاکستان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ رحمۃ للعلمین وبالمومنین رؤف رحیم وعلی الہ واصحابہ الذین ھم اکرم الخلق بعد النبیین والرحمۃ السابغۃ علی اولیاءہ الذین ھم منار الھدیٰ بالیقین۔ اما بعد:۔

انسان اللہ تعالیٰ کی سب مخلوق سے اعلیٰ اور اشرف ہونے کی بدولت ساری کائنات پر فرماں روائی کا دعویدار ہے۔ اپنی خداداد قابلیت اور خلافتِ ارضی کی وجہ سے سمندروں کی تہ سے لے کر خلاؤں تک کو کام میں لا رہا ہے۔ کرہ ارضی سے عروج کر کے چاند کو اپنی ایک منزل بنانے کا خواب دیکھ رہا ہے مگر:۔

ان سب کمالات کے باوجود اس کی بے لبسی اور بے کسی کا یہ عالم ہے کہ نہ آنا اس کے ارادے اور اختیار سے، اور نہ جانا اس کی صلاح اور مشورہ سے، وہ سالوں کے منصوبے اور نظام الاوقات بناتا ہے۔ مگر یہ بات روزانہ مشاہدہ میں آتی رہتی ہے کہ انسان کی کئی آرزوئیں خاک میں مل گئیں، یہ دیکھا جاتا ہے کہ مسرت کے شادیانے بجتے بجتے آہ وفغاں بلند ہونے لگتی ہے کامیابی کے اسباب اور ذرائع پیدا ہو جاتے ہیں، مگر یہ بھی دیکھا گیا ہے سے

قسمت تو دیکھئے کہاں سے ٹوٹی ہے کمند ؎ دو چار ہاتھ جبکہ لبِ بام رہ گیا

اور یہ بھی دیکھا جاتا ہے کوئی سبب نہیں کوئی ذریعہ نہیں بلکہ اسباب خلاف ہیں، مگر جو راحت اور نعمت خواب وخیال میں نہ تھی وہ اچانک مل گئی۔ رات دن کے مشاہدات اور واقعات اس بات کی روشن اور واضح دلیل ہیں کہ اس نظام کو چلانے والی، گرمی کو سردی میں تبدیل کرنے والی، رات سے دن کو اور دن سے

۳/۱۱/۱۵/۰۷

Marfat.com

رات کو ہویدا کرنے والی کوئی اور حقیقت ہے۔ یہ اسی کا کام ہے کہ وہ چاہے تو بھائیوں کے ستم کے شکار چاہ کنعان میں ڈوبے ہوئے چاند کو شاہ مصر بنا کر ان ہی بھائیوں کو اس کے سامنے محتاج کی صورت میں پیش کر دے اور وہ چاہے تو مصر کے جابر اور سرکش فرعون کو بحیرۂ قلزم میں غرق کر دے ہلاک کرنے کا ارادہ کرنیوالوں کو ہلاک کر دے اور بے سروسامان، بے یار و مددگاروں کو تخت شاہی عطا کر دے۔

## خلافت اور عبدیّت

اگرچہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے خلیفہ بنایا زمین کی فرماں روائی اور زمین کے چپّہ چپّہ پر اس کو تصرف کا حق دیا پہاڑوں، دریاؤں، کانوں، صحراوں بلکہ فضاؤں کو اس کے لئے فرش راہ بنایا گیا مگر اس کے ساتھ حقیقی اختیار اور آخری فیصلہ اپنے ہی تصرف اور اختیار میں رکھا انسان کو مالک مجازی بنایا مگر قدرت اور طاقت کا سرچشمہ اسی کی ذات ہے فرمایا:۔

تَبٰرَكَ الَّذِىۡ بِيَدِهِ الۡمُلۡكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرُ۔ (الملک ع۱)

بڑی ہی برکت والا ہے وہ خدا جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

اس لئے انسان کی کامیابی اور کامرانی حقیقی نجات اور فلاح تب ہی ہو سکتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ ہی کے حکم سے اسی کی عطا کردہ طاقت اور صلاحیت سے کام لیتے ہوئے اپنی محنت اور عمل کو کام میں لائے لیکن وہ اعتماد اور نتیجہ کے لئے صرف اللہ تعالیٰ ہی پر توکل اور بھروسہ رکھے۔ سیدالرسل جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی فرمایا:

فَاِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ (آل عمران ۱۵۹)

ترجمہ: پس جب پختہ ارادہ کر لیں تو بھروسہ اللہ ہی پر رکھیے۔

Marfat.com

اس بھروسہ اور توکل کا ظہور اسی صورت میں ہوگا جب ایک بندہ اپنی طاقت کے مطابق اسباب بھی مہیا کرے اور مالک حقیقی کے سامنے دستِ بندگی بھی دراز کرے اسی کو دعا کہا جاتا ہے اور اس کا بندے کو حکم بھی دیا گیا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ دعا توکل کے خلاف نہیں بلکہ دعا میں بھی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا جاتا ہے اور یہی صحیح توکل ہے۔

## دُعا صبر کے خلاف نہیں

صبر کا مطلب یہ ہے کہ جو کام انسان کی تمنا اور خواہش کے خلاف ہو اسے یہ کہکر برداشت کرے کہ یہ میرے مالک کی مرضی ہے اور اس کا یہ حکم ہے اس لئے مجھے اس میں دم مارنے، شکوہ شکایت کرنے کی ضرورت نہیں جو اس کا حکم ہے مجھے منظور ہے مگر اس بوجھ کو دور کرنے اور سلامتی، عافیت کا مانگنا ضرور ہے۔ انسان کمزور ہے اس میں کہاں طاقت ہے کہ وہ بوجھ اٹھا سکے چنانچہ اللہ تعالےٰ نے بندوں کو خود یہ دعا سکھائی کہ یوں کہو

| | |
|---|---|
| وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ (بقرہ ع ۲۸۶) | اے اللہ ہم پر نہ رکھ جس کو اٹھانے کی ہم کو طاقت نہیں۔ |

قرآن مجید میں ایوب علیہ السلام کا قصہ موجود ہے خداوند قدوس نے بھی ان کو صابر کا خطاب عطا فرمایا۔ مگر آپ نے بھی اپنی عبدیت اور بندگی کا اظہار کرتے ہوئے دربار خداوندی میں یوں دعا کی۔

| | |
|---|---|
| اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ (انبیاء ع ۸۳) | مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ |

جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک صحابی کی عیادت کے لئے تشریف

Marfat.com

لے گئے جو بیماری سے چوزے کی طرح دبلا ہو گیا تھا آپؐ نے اس سے پوچھا کیا تو خداوندِ قدوس سے کچھ مانگا کرتا تھا اس نے عرض کیا:

حضور! میں یہ کہا کرتا تھا کہ اے میرے خدا تو نے جو سزا مجھکو قیامت میں دینی ہے وہ دنیا ہی میں دیدے آپؐ نے فرمایا:

سبحان اللہ! تیری کیا طاقت ہے کہ تو اس کو برداشت کر سکے اللہ تعالیٰ سے دونوں جہانوں کی بہتری مانگ چنانچہ اس نے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے شفاء عطا فرمادی (مشکوٰۃ)

ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ سے صبر نہ مانگو بلکہ اللہ تعالیٰ سے عافیت اور درگذر کرنے کی دعا کرو۔ (ترجمہ حدیث)

## دُعا کمالِ عبادت ہے

مسلمانوں کا یہ اجماعی اور اتفاقی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سارے نبی علیہم السلام برگزیدہ اور نیکی، تقویٰ کے اس مقام پر پہنچے ہوئے تھے جس پر کوئی انسان نہیں پہنچ سکتا ان کی صداقت کے لئے اللہ تعالیٰ نے معجزے دئے تھے وہ خداوندِ قدوس کی معرفت، اور قرب سے مشرف تھے مگر کسی نبی علیہ السلام نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتے بلکہ ہر نبی علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے سامنے دستِ سوال دراز کیا بلکہ قرآن مجید میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود انبیاء علیہم السلام کو خصوصًا سب نبیوں کے سردار اور امام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی دعا کرنے کا حکم فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور دستِ سوال پھیلانا نہ صرف اپنی حاجتوں کو پورا کرانا ہے بلکہ اپنے آپ کو خداوند قدوس کا بندہ ثابت کرنا ہے اسی لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راحت اور آرام میں بھی اور تکلیف میں بھی اور خداوند قدوس سے نہ مانگنا، اپنے آپ کو بہادر، اور

Marfat.com

مصائب برداشت کرنے والا جتانا، اللہ تعالیٰ کے ہاں ناپسندیدہ ہے بلکہ اللہ تعالیٰ تو ایسی عادت اور ایسے انسان سے اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دٰاخِرِیْنَ۔ (المومن ع۶۰)

جو لوگ میری عبادت (دعا) سے منہ موڑتے ہیں وہ جلد ہی جہنم میں ذلیل ہوکر داخل ہو جائیں گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرماتا ہے جو اس سے نہ مانگے۔ یہی وجہ ہے کہ قیامت کے دن بعض مجرم جہنم میں دھکیل دیئے جائیں گے کہ وہ خود بھی اللہ تعالیٰ کے باغی اور نافرمان رہے اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں دستِ دعا اٹھائے ان کو ہنسی میں اڑایا ان کی ذلت اور توہین کی، ان دونوں کے انجام کا ذکر خداوند قدوس نے یوں فرمایا:

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِىْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔

بیشک میرے بندوں میں سے کچھ لوگ یوں کہا کرتے تھے:۔ اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے پس ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم فرما اور تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔

مگر گمراہ لوگوں نے ان کے ساتھ ٹھٹھا کیا جس کی سزا دنیا میں ان کو یہ مل گئی کہ ذکر الٰہی جیسی عظیم دولت ان سے چھین لی گئی جیسا کہ فرمایا:

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِىْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ۔

پھر تم نے ان کو ٹھٹھوں میں پکڑا، یہاں تک بھولے ان کے پیچھے میری یاد اور تم ان سے ہنستے تھے۔

مگر اللہ کے بندے اللہ تعالیٰ کے حضور دستِ سوال دراز کرنے سے نہ رکے

بلکہ کمالِ عبودیت اسی مانگنے میں سمجھا اور ان بدکرداروں کی اس ذہنی کوفت پر صبر کرتے رہے یہی صبر ان کے لئے باعث نجات اور مغفرت بن گیا جیسا کہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اِنِّیْ جَزَیْتُهُمُ الْیَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (سورہ المومنون پ۱۸ آیت ۱۱۱) | میں نے آج ان کو اس صبر کا بدلہ دیا کہ آج وہی دن کہ تم اپنی مراد کو پہنچے۔ |

اس لئے جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ۔ ترجمہ: دعا عبادت کا مغز ہے۔ بلکہ ایک روایت میں فرمایا کہ دعا ہی عبادت ہے۔

## دُعا سب سے بڑا سبب ہے

یہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنے سے منع فرمایا بلکہ عمل اور محنت کا حکم فرمایا اس جہان میں اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اسباب اور ذرائع مہیا کرنے کا حکم فرمایا مگر ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اسباب میں تاثیر اور قوت پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے اس لئے اسباب پر اتنا بھروسہ نہ کرو کہ خالق اور مالک کو بھول جاؤ بلکہ سبب کو اختیار کرتے وقت بھی اعتماد اور بھروسہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر رکھو۔ قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ ہی نے اس خطرناک عالمگیر طوفان سے بچنے کے لئے کشتی بنانے کا حکم دیا اس کا طریقہ بتایا لیکن ساتھ ہی یہ بھی حکم فرمایا کہ جب کشتی پر سوار ہو تو اعتماد صرف مجھ پر رکھتے ہوئے یہ دُعا مانگو۔

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ (هود ع۴) | اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا تحقیق میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔ |

اور اگر کسی وقت اسباب نہ بھی ہوں تب بھی خالق اسباب پر بھروسہ رکھو قرآن مجید میں موجود ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ اس وقت کی جابر قوم فرعونیوں سے تھا جو سلطنت مصر کے بادشاہ، اور سارے دنیاوی اسباب سے بہرہ ور تھے مگر

Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو یہ حکم دیا کہ تم اپنے مالک کے سامنے دست سوال پھیلاتے رہے ہو یہی تمہارا سب سے بڑا ذریعہ اور سبب ہے ارشاد قرآنی ہے۔

| | |
|---|---|
| فَقَالَ مُوسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ۔ (سورۃ یونس ع ۹) | ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا اے میری قوم اگر تم اللہ پر یقین لائے ہو تو اسی پر بھروسہ رکھو۔ اگر تم حکم بردار ہو۔ |

چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے یہ درخواست کی۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ | ترجمہ: اے رب نہ آزما ہم پر زور اس ظالم قوم کا۔ اور چھڑا ہم کو اپنی رحمت سے اس منکر قوم سے |

تاریخ گواہ ہے کہ اس بے سروسامان قوم کو فرعون پر فتح ہوئی۔ اور فرعون غرقاب ہوا اس لئے فرمایا: اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِن (ترجمہ:) دعا مومن کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔

## دُعا انسانی فطرت ہے

ہم دیکھتے ہیں کہ ہر انسان مصیبت اور تکلیف کے وقت کسی آسرے اور تکیہ کا محتاج ہوتا ہے اس کی زبان اور دل کسی فریادرس کی تلاش میں رہتے ہیں۔ جیسا کہ چھوٹا بچہ ناسمجھی کے وقت بھی اپنی بولی میں کسی امدادی تعاون کی تلاش میں رو رو کر التجا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا میں ہر انسان نے خواہ وہ مرد آہن مشہور ہوا یا رستم اور فولادی انسان مشہور ہوا کسی نہ کسی وقت اس نے کسی جائے پناہ کی تلاش کی۔ کبھی پتھروں کے آگے جھکنا، کبھی تلسی اور پیپل کے پودے کو سجدہ کرنا، لات ومنات جیسے فرضی ناموں کو پکارنا انسان کی بے بسی اور محتاجی

کو ظاہر کرتا ہے۔ مگر یہ ساری چیخ و پکار آہ و فریاد اس مخلوق کے سامنے کی جاتی ہے جو خود محتاج ہے یا جس کا وجود ہی فرضی اور من گھڑت ہے ۔ قرآنی الفاظ ہیں

وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۔ (الرعد ۱۴)

ترجمہ: اور کافروں کی ساری دعا بھٹکی ہوئی ہے۔

لیکن جو سعید اور خوش بخت اس ذات کو پکارتے ہیں جس کے تصرف اور قبضے میں سب کچھ ہے جو اپنی ہر چاہت پر قادر ہے ان کو اپنی دعاؤں کی قبولیت کا پورا یقین ہے حضرت زکریا علیہ السلام نے اپنی دعا میں فرمایا۔

وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَاۗىِٕكَ رَبِّ شَقِيًّا ۔ (مریم ۴)

اے رب تجھ سے مانگ کر میں پہلے کبھی محروم نہیں رہا۔

یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اپنی ہر مصیبت میں خداوند قدوس کی طرف رجوع کا حکم دیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"تم کو چاہیئے کہ اپنی سب مرادیں اپنے رب سے مانگتے رہو یہاں تک جوتے کا تسمہ بھی اگر ٹوٹ جائے اور اگر نمک بھی ختم ہو جائے" (ترجمہ حدیث)

مقصد یہ ہے کہ بندہ ہر وقت اپنے مالک اور خالق کے ساتھ تعلق پیدا کرتا رہے کسی وقت بھی اس کی یاد سے غافل نہ ہو اور اس سے باغی نہ بنے۔

## مقبول دُعائیں

اگرچہ اللہ تعالیٰ سمیع اور علیم ہے وہ ہر ایک کی دعا، پکار، آہ وزاری کو سُنتا ہے اور وہ ہر ایک کے حال سے پورا خبردار ہے۔ وہ سب بولیوں کو جانتا ہے۔ مگر جو دعائیں اس کے حضور جلدی قبولیت حاصل کر سکتی ہیں ان کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

387

Marfat.com

اوّل: وہ دعا جو خود خداوند قدوس نے اپنے بندوں کو سکھائی کہ مجھ سے یوں مانگو جیسا کہ قرآن مجید کے پہلے پارے میں فرمایا۔ کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند کلمات حاصل کر لئے اور ان کو دربار خداوندی میں عرض کیا وہ دعا قرآن مجید میں موجود ہے وہ یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ. (الاعراف ع۱۶) | اے ہمارے رب! ہم نے اپنے آپ پر ہی ظلم کیا۔ اور اگر تو ہم کو نہ بخشتا رحم نہ کرتا تو ہم ضرور نقصان والے ہو جائیں گے۔ |

تو جو دعا خود خداوند قدوس نے سکھائی اس کے قبول اور منظور ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے؟

دوم: وہ دعائیں جو انبیاء علیہم السلام نے اپنی بندگی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے خالق اور مالک کے حضور کیں جیسا کہ حضرت یونس علیہ السلام نے کی۔ اندھیروں میں اللہ تعالیٰ کو یوں پکارا

| | |
|---|---|
| لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ | تیرے بغیر کوئی اللہ نہیں، تو پاک ہے میں بے شک |

چنانچہ آپ کی اس دعا کے فوراً بعد آپ کو ایسی جگہ سے امن اور عافیت سے نجات مل گئی جو عالم اسباب کے پیش نظر مشکل تھی ارشاد خداوندی ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (الانبیاء ۸۷، ۸۸) | پس ہم نے اس کی دعا قبول کر لی اور اس کو غم سے نجات دی اور ہم یوں ہی (بلا اسباب بھی) یقین والوں کو نجات دیں گے۔ |

Marfat.com

**سوم**: وہ دعائیں جو سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائیں یا اپنی امت میں سے کسی کو سکھائیں ان دعاؤں کی قبولیت بھی یقینی ہے۔
ان دعاؤں کا مجموعہ دعوات ماثورہ بھی کہلاتا ہے یعنی وہ دعائیں جو قرآن مجید، احادیث میں ذکر کی گئی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں علماء کرام اور اولیاء عظام نے ان دعاؤں کے مجموعے مرتب فرمائے جن میں سے مشہور مجموعہ:۔

# الحزب الاعظم

ہے یعنی سب سے بڑا ورد سب سے بڑا وظیفہ۔ اس کتاب میں قرآنی دعاؤں اور احادیث میں آنے والی دعاؤں کو جمع کیا گیا ہے اور ساتھ ہی سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ایک علیحدہ حزب میں جمع فرمایا گیا ہے۔
یہ مجموعہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا جمع فرمودہ ہے۔ جن کا مختصر سا تعارف درج کیا جاتا ہے:

آپ کا اسم شریف نورالدین علی بن سلطان محمد ہے۔ آپ ہرات میں پیدا ہوئے طلب علم کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے اس وقت کے جلیل القدر علماء احمد بن حجر ہیتمی، قطب الدین مکی، شیخ عبداللہ سندھی مہاجر مکی سے علوم تفسیر و حدیث حاصل کئے۔

آپ حنفی مذہب کے بلند پایہ عالم باعمل تھے آپ کا لقب ملا علی قاری ہے آپ نے قرآن مجید کی ایک بہترین تفسیر لکھی حدیث کی مشہور کتاب مشکوٰۃ کی شرح مرقاۃ کئی جلدوں میں متداول ہے فقہ اکبر کی شرح اور شمائل ترمذی کی شرح بھی لکھی مکہ مکرمہ ہی میں ۱۰۱۴ھ کو وفات پائی اور معلاۃ میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔
**الحزب الاعظم کی قبولیت**: دعاؤں کا یہ بابرکت مجموعہ ہر دور میں ہر طبقہ

Marfat.com

ہیں مقبول رہا ہمارے اکابر اس مقدس مجموعہ کو خود بھی بطور ورد وظیفہ کے پڑھتے ہیں اور دوسروں کو بھی اجازت دیتے ہیں جیسا کہ:

قطب الارشاد مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ وقدس سرہٗ مولوی صدیق احمد صاحب کو ارقام فرماتے ہیں

اور آپ کو حسب درخواست آپ کے اجازت اسم ذات اور جملہ اشغال کی اور قرآن و حزب الاعظم وغیرہ کی از سر نو دیتا ہوں (مکاتیب رشیدیہ صـ۲۴)

قطب العالم حضرت شیخ الہند قدس سرہٗ العزیز کا معمول یہ تھا کہ:

"یہی عادت مولانا کی وطن میں بھی تھی تقریباً ڈیڑھ یا دو گھنٹہ اس طرح آرام فرمانے کے بعد قضاء حاجت کے لئے تشریف لے جاتے اور پھر وضو فرمانے کے بعد قرآن شریف اور دلائل الخیرات حزب الاعظم میں مشغول ہو جاتے تھے" (سفرنامہ اسیر مالٹا صـ۹۷)

امام الاولیاء حضرت سیدی ومولائی مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ العزیز نے ارشاد فرمایا۔ ہمارے مقدس بزرگان دین اپنے متعلقین کو دلائل الخیرات وغیرہ کی سند دیتے رہے ہیں اور ان کو کثرت درود وسلام اور تحزیب قرأت دلائل وغیرہ کا امر فرماتے رہے ہیں ہزاروں کو مولانا گنگوہی اور مولانا نانوتوی رحمہ اللہ علیہما نے اجازت عطا فرمائی۔ (الشہاب صـ۱۷)

میرے والد ماجد مفتی اعظم حضرت مولانا قاضی محمد غلام جیلانی نقشبندی (نور اللہ مرقدہٗ) اس کی باقاعدہ اجازت دیا کرتے تھے اور خود بھی ورد فرمایا کرتے تھے۔ آپ کو اس کی اجازت شیخ الدلائل مولانا عبد الحق مہاجر مکی سے حاصل تھی جیسا کہ ان کے اپنے عطا کردہ نسخہ الحزب الاعظم میں یہ سند یوں درج ہے۔

Marfat.com

قد اجزت به الصالح الاسمی والبرکة العظمی الحاج مولانا القاضی غلام کیلانی وذلك فی الرابع عشر من ذی الحجة الحرام عام السادس والعشرین وثلاثمائة بعد الالف من هجرة شفیع المذنبین علیه وعلی اله صلوات الله رب للعلمین یزر ذلك منی ونحن بمکة المکرمة زادها الله تعظیماً وتشریفاً واجلالاً ومهابة والله الموفق (محمد عبدالحق)[1]

ترجمہ: میں نے اس بابرکت ورد کی اجازت بلند پایہ بزرگ بابرکت ہستی حاجی مولانا قاضی غلام گیلانی کو ۱۴ ذی الحجہ ۱۳۲۶ھ کو دی۔ جبکہ ہم مکہ مکرمہ میں ہیں، اللہ تعالیٰ اس بابرکت مقام کی تعظیم، جلال اور رعب کو اور زیادہ فرمائے۔

---

[1] مختصر حالات شیخ الدلائل: آپ کا اسم شریف عبدالحق ہے الٰہ آباد کے قریب قصبہ نیواں میں ولادت ہوئی، مولانا تراب علی اور شارح مشکوٰۃ نواب قطب الدین خاں سے تحصیل علوم کے بعد ۱۲۸۳ھ کو مکہ مکرمہ شاہ عبدالغنی کے حلقہ درس میں داخل ہو گئے، اور ان ہی سے منازل سلوک طے کرنے پر خلافت حاصل کی۔ پچاس سال تک حرم کعبہ میں درس قرآن و حدیث اور روحانیت کا فیض رسانی کرنیکے بعد ۱۹ رشوال ۱۳۳۳ھ کو رحلت فرما گئے۔ جنۃ المعلیٰ میں امام طریقت حضرت حاجی امداداللہ م ۱۳۱۷ھ کے قریب میں دفن ہوئے۔ آپ کی وفات پر اس وقت کے شریف مکہ نے کہا: حضرت شیخ مکہ مکرمہ کے چراغ تھے۔ آج مکہ معظمہ کا ایک گوشہ ٹوٹ گیا۔" آپ کے تقویٰ کا یہ حال تھا کہ نماز تراویح حطیم کعبہ میں پڑھتے اور بیس رکعتوں میں روزانہ پورا قرآن مجید ختم فرماتے۔ اس کے سوا بھی پندرہ سال تک عشاء کے وضو سے نماز صبح ادا کی۔ علوم ظاہریہ میں بلند پایہ تھے تفسیر مدارک کی شرح عربی زبان بہ نام "اکلیل" لکھی جو سات جلدوں میں ہے۔ رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً۔

Marfat.com

اس گناہ گار کو اس بابرکت اور مقبول مجموعہ کی اجازت بھی مکہ مکرمہ ہی میں ۶ ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ کو شیخ الدلائل سید محمد عبد المحسن رضوان سے عطا ہوئی۔

اسی طرح شیخ الدلائل کے خلیفہ مولانا محمد ابراہیم بخاری نے عطا فرمائی اور حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہٗ نے بھی نوازا۔

اگرچہ برصغیر میں یہ کتاب کئی دفعہ طبع ہوئی مگر اس میں بعض الفاظ اور بعض جگہ حرکات کی غلطیاں موجود ہیں۔ خوش قسمتی سے احقر کے پاس بحمد اللہ وہ نسخہ موجود ہے جو آج سے تقریباً ساٹھ سال پہلے طبع ہوا اور جس میں بعض جگہ تصحیح شیخ الدلائل کے اپنے قلم سے ہو چکی ہے

اشاعت پنجم

جناب نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس کا ترجمہ یہ ہے "جب انسان دنیا سے چلا جاتا ہے تو اس کے تمام اعمال منقطع ہو جاتے ہیں سوائے تین کے ۔ (۱) صدقہ جاریہ ، (۲) نیک اولاد (۳) وہ علم جس سے نفع اٹھایا جا سکے ۔ ہمارے اباجی رحمۃ اللہ علیہ پر جہاں رب تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں ہیں وہاں یہ بھی خاص رحمت ہے کہ آپ کے لئے تینوں قسم کے اعمال جاری و ساری ہیں اور الحمد اللہ دن بدن اس میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ جہاں حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی جسمانی اولاد دین کی خدمت میں مصروف ہے وہاں اولاد روحانی بھی حسنات میں اضافے کا سبب ہے ۔ چنانچہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روحانی بیٹی نے اس عظیم و مبارک کتاب کی اشاعت میں بہت حصہ لیا ۔ اب یہ مبارک کتاب پانچویں بار زیور طباعت سے آراستہ ہو رہی ہے ۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ ان کے اس کار خیر کو قبول فرمائے ۔ دارین میں سعادتمندیوں سے مشرف فرمائے اور ان کی اولاد کو اس سے زیادہ دینداری اور تقویٰ نصیب فرمائے ۔ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرما کر اس کا ثواب بطفیل نبی کریم ﷺ ہمارے حضرت اباجی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچائیں ۔ آمین جاہ النبی الکریم ﷺ ۔

حضرت مولانا قاضی محمد ارشد الحسینی

Marfat.com

# الحزب الاعظم

اس مجموعہ کو ہر زمانہ اور ہر ملک میں مقبولیت اور قدر و منزلت حاصل رہی۔ اس کی شرح بارہویں صدی کے شیخ سکندرانی نے دو جلدوں میں لکھی۔ شیخ ابراہیم نے اس کی شرح لکھی جس کے زمانہ تالیف میں جملہ انبیاءؑ اور سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ضیافت میں زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے۔ برصغیر میں یہ کئی دفعہ طبع ہوئی حکیم الامۃ تھانوی قدس سرہٗ العزیز نے اس کو مناجات مقبول کے نام سے ترتیب دیا۔ عمدۃ الاولیاء استاذی المکرم سید محمد بدر عالم خلد آشیاں جنۃ البقیع مدینہ منورہ نے اس کا اردو میں ترجمہ تحریر فرمایا۔ برصغیر کے مشہور دیندار صاحب خیر و تقویٰ حاجی وجیہہ الدین مہاجر مدنی نور اللہ مرقدہ نے اس مبارک مجموعہ کو نظماً و نثراً ہزاروں کی تعداد میں مفت تقسیم فرمایا۔

## فائدہ

اس کتاب کو ہفتے کے سات دنوں پر آسانی کے لئے تقسیم کر دیا گیا ہے تاکہ روزانہ ایک منزل پڑھ لیا کرے۔ اور اگر ساری ایک دن پڑھ لے تو زیادہ بہتر ہے۔ البتہ حاجی صاحب جب وہ عرفات کے میدان میں ہو تو اس دن یہ ساری دعائیں اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزی اور مسکینی کے ساتھ مانگے اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل دعائیں زیادہ کر دے۔

لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو

علی کل شیٔ قدیر ۱۰۰ دفعہ

سورۃ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد (پوری سورت ۱۰۰ دفعہ)

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

۱۰۰ دفعہ۔

استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ۔ ۱۰۰ دفعہ۔

اللّٰھمّ صلِّ علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد و

بارک وسلم علیہ۔ ۱۰۰ دفعہ۔

ویسے روزانہ ایک ایک منزل پڑھ لیا کرے۔ الحزب الاعظم میں پہلی منزل ہفتے سے شروع کی ہے مگر میں نے اس خیال سے کہ درود شریف سے دعا شروع کی جائے تو قبولیت کے قریب ہوتی ہے جمعہ کی منزل کو پہلی منزل قرار دیا ہے۔ (اللہ تعالیٰ قبول فرمائے، آمین)

**مشورہ** } اگر نماز فجر کے بعد ایک پارہ قرآن عزیز اور ایک منزل "آغوشِ رحمت" اور سورہ یٰس کا ختم ہفت سلاطین (جس کی تشریح کتاب کے آخر میں درج ہے) پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ سب مرادیں پوری ہوں گی۔

Marfat.com

# پہلی منزل جمعہ مبارک کی

جمعہ تمام دنوں کا سردار ہے اس دن میں اللہ تعالیٰ نے بڑی بڑی برکات رکھ دی ہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اس دن کو ذکر الٰہی درود شریف، تلاوت قرآن مجید سے آباد رکھنے کا حکم فرماتے ہیں فرمایا کہ :۔

(۱) اس دن جو آدمی سورہ الکہف پڑھے گا وہ دنیا میں دجّال (دینی دھوکے باز) کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ اور قبر بھی پُرنور ہو گی اور قیامت کو بھی نور ملیگا۔

**فائدہ !** آٹھویں صدی ہجری کے مشہور محدّث مفسّر محمد بن علی منفلوطی کی وفات پر علامہ ابن دقیق العید نے ان سے قبر کا حال خواب میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ دفن کے فوراً بعد ایک کتے نے مجھ پر حملہ کرنا چاہا مگر ایک پاکیزہ شکل انسان نمودار ہوا اور مجھ کو بچا لیا میرے پوچھنے سے اس نے بتایا میں سورہ کہف کا ثواب ہوں جس کو ہر جمعہ پڑھا کرتا تھا (درر کامنہ م ص ۹۵)

(۲) اس دن صلوٰۃ التسبیح پڑھی جائے جس کی برکت سے بڑے سے بڑے گناہ اللہ تعالیٰ نے معاف فرمانے کی بشارت دی ہے۔ صلوٰۃ التسبیح کا طریقہ یہ ہے کہ :

دس گیارہ بجے تک چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (الحمد شریف) سے پہلے پندرہ دفعہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔ پڑھے اور پھر رکوع میں جانے سے پہلے دس دفعہ، رکوع میں تسبیحات رکوع کے بعد دس دفعہ، پہلے سجدہ میں تسبیحاتِ سجدہ کے بعد دس دفعہ۔ دو سجدوں کے درمیان بھی دس دفعہ، دوسرے سجدہ میں بھی دس دفعہ،

Marfat.com

یہ پڑھے ہر رکعت میں ۷۵ دفعہ ہو جاتی ہے - اسی طرح چار رکعتیں ادا کریں۔
حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس سے فرمایا کہ اس سے
سمندر کی جھاگ جتنے بھی گناہ ہوں تو اللہ معاف فرما دیتے ہیں -

(۳) درود شریف کثرت سے پڑھا جائے - جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کا ارشاد ہے جمعہ کے دن مجھ پر درود زیادہ پڑھا کرو ایک صحابی نے عرض کیا
حضرت جب آپ دنیا سے تشریف لے جائیں گے (تو پھر کیا فائدہ) آپ
نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء (علیہم السلام) کے بدنوں
کو کھانا حرام کر دیا ہے - ایک دوسری حدیث میں فرمایا تم جہاں سے بھی درود
شریف پڑھو گے وہ مجھے پہنچ جاتا ہے اور میں اس کا جواب دیتا ہوں۔ صلی اللہ
علیہ وسلم -

اس لئے جمعہ کے دن زیادہ درود شریف پڑھا جائے اس کی حکمت میں
شارح مشکوٰۃ شاہ عبدالحق محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ نے فرمایا :-

کہ چونکہ شب جمعہ کو سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم والدہ ماجدہ کے
شکم اطہر میں منتقل ہوئے تھے اس لئے عالم وجود میں اس رات اور
دن کو درود شریف پڑھنے کا حکم فرمایا - (رحمت کائنات)

اس منزل میں درود شریف جمع کر دیئے ہیں جو احادیث میں بھی آتے ہیں
اور دیگر علماء کرام نے جو الفاظ اور کلمات اس عبادت کے لئے بنائے ہیں -

**فائدہ!** جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ ہر نبی علیہ السلام کا نام
لیتے وقت سیدنا کا کلمہ زیادہ کر دیا جائے - قرآن کریم میں آپ کو
یٰس سے پکارا گیا جس کا معنیٰ اے سید کیا گیا ہے ، حضرت ابن
مسعود رضی اللہ عنہا نے روایت کی ہے کہ

Marfat.com

" اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود اچھے پیرائے میں بھیجو "
اس لئے بعض محدثین تو التحیات میں بھی لفظ سیدنا کا زیادہ کرنا بہتر سمجھتے ہیں۔

(جواہر البحار صن ۸۲/۳)

درود شریف کے وہ تمام کلمات جو محققین علماء اسلام سے ثابت ہوں ان کا پڑھنا جائز ہے۔ ہمارے اکابر سے درود شریف (صلوٰۃ تنجینا) کا پڑھنا اور اس کی اجازت دینا ثابت ہے۔ اسی طرح بعض دوسرے کلمات درود شریف کا پڑھنا بھی درست اور باعث اجر و ثواب ہے اگرچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر اوقات وہی درود شریف پڑھا ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے لیکن امت محمدیہ کو جو عشق اور محبت اپنے محبوب آقا اور مولے سے ہے وہ محتاج بیان نہیں اور یہ محبت اور عقیدت عین ایمان ہے قرآن مجید نے مسلمانوں کو حکم فرمایا۔ وَتُوَقِّرُوهُ (الفتح ۹) تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب اور توقیر کرو۔ وقار میں جس قدر محبت اور عقیدت کا اظہار ہو گا اسی قدر اجر و ثواب ملنے کی امید ہو سکتی ہے۔ جیساکہ قصیدہ بردالداء کے مولف علامہ بوصیری رح نے فرمایا ؎

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّھِمْ　　وَاحْکُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْهِ وَاحْتَکِمْ

ترجمہ۔ عیسائیوں کی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو شریک اللہ نہ بنانا۔ باقی جو تعریف و مدح کر سکتا ہے کرتا رہ۔

تو جس قدر کلمات سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفعتِ شان رحمت دو عالم پر دلالت کریں گے اسی قدر پڑھنے والے کو اجر و ثواب ملیگا۔ اسی تکثیر ثواب کی نیت سے وِرد جمعہ کے آخر میں درود شریف زیادہ کر دیئے گئے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمد پر اور آل محمد پر جس طرح

صَلَّیۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِیۡمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِیۡمَ اِنَّكَ

تو نے رحمت بھیجی ابراہیم اور آل ابراہیم پر بے شک

حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ اے اللہ میرے برکت دے حضرت محمد کو اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَكۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِیۡمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ

آل محمد کو جسطرح برکت دی تو نے ابراہیم اور آل

اِبۡرَاهِیۡمَ اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ

ابراہیم کو بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَ تَرَحَّمۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ میرے اور رحم کر۔ حضرت محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِیۡمَ وَ

آل محمد پر جس طرح رحم کیا تو نے ابراہیم پر اور

Marfat.com

عَلیٰ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ

آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ اے اللہ

وَتَحَنَّنْ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلیٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَحَنَّنْتَ

میرے اور تو مہربانی کر حضرت محمدؐ پر اور آل محمد پر جیسے کہ تو نے مہربانی

عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَعَلیٰ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

کی ابراہیمؑ پر اور آل ابراہیمؑ پر بیشک تو تعریف کیا گیا

مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلیٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ

بزرگی والا ہے اے اللہ میرے اور تو سلامتی بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر

کَمَا سَلَّمْتَ عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَعَلیٰ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

جسطرح تو نے سلامتی بھیجی ابراہیمؑ پر اور آل ابراہیمؑ پر

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدِ

بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ

کہ نبی اُمّی ہیں اور ان کی بیبیوں پر کہ مائیں ہیں ایمان والوں کی

۲۲۳۵

وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ

اور ان کی اولاد پر اور ان کے گھر والوں پر جیسا کہ تو نے رحمت بھیجی ابراہیمؑ پر

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ

اور اولاد ابراہیمؑ پر اور برکت بھیج حضرت محمدؐ پر کہ نبی

الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِہٖ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ

اُمّی ہیں اور محمدؐ کی اولاد اور بیبیوں اور گھر والوں پر

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ

جسطرح تو نے برکت دی ابراہیمؑ پر اور اولاد ابراہیمؑ پر

فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰہُمَّ اَنْزِلْہُ

جہانوں میں بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے، اے اللہ میرے اتار

الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

انہیں نشست گاہ قریب میں اپنے نزدیک قیامت کے دن،

اَللّٰہُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَبَرَکَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ

اے اللہ میرے کر دے اپنی رحمتیں، اور اپنی برکتیں اور اپنی مہربانیاں

Marfat.com

عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ

پیغمبروں کے سردار اور پرہیزگاروں کے پیشوا اور نبیوں

النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَیْرِ

کے ختم کرنے والے حضرت محمدؐ پر کر تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں نیکی کے

وَقَائِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰھُمَّ

پیشوا اور نیکی کے پیشرو اور پیغمبر رحمت کے ہیں۔ اے اللہ میرے

اِبْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُهٗ فِیْهِ الْاَوَّلُوْنَ

انھیں بھیج مقام محمود میں کہ ان کا رشک کریں گے اس میں اگلے

وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ

اور پچھلے لوگ اے اللہ میرے کر دے اپنی رحمتیں اور

بَرَکَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

برکتیں اور اپنی مہربانی حضرت محمدؐ پر اور حضرت محمدؐ کی اولاد پر

کَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

جیسا کہ تو نے وہ سب کیا ابراہیمؑ اور ابراہیمؑ کی اولاد پر

إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے، اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر اور

اَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ

پہنچا انہیں وسیلہ میں اور بلند درجے میں جنت کے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِى الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهُ وَفِى

اے اللہ میرے کر دے برگزیدہ لوگوں میں ان کی محبت اور

الْمُقَرَّبِيْنَ مَوَدَّتَهُ وَفِى الْاَعْلِيْنَ ذِكْرَهُ وَالسَّلَامُ

نزدیکی والوں میں ان کی دوستی اور بلند رتبے والوں میں ان کا ذکر اور سلامتی

عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ - اَللّٰهُمَّ دَاحِىَ

ہو ان پر اور خدا کی رحمت اور اس کی برکتیں ۔ اے اللہ میرے بچھانیوالے

الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَجَبَّارَ

بچھائی ہوئی چیزوں کے اور پیدا کرنے والے بلند چیزوں کے

الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَ سَعِيْدِهَا

دلوں کے ان کی فطرت پر بری ان کے اور نیک پر ان کی

Marfat.com

اِجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَنَوَامِیَ بَرَکَاتِكَ

کر دے اپنی بڑی بڑی رحمتیں اور بڑھنے والی برکتیں

وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اور اپنے رحم کی عنایت حضرت محمدؐ پر کہ تیرے بندے اور تیرے رسول

اَلْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْفَاتِحِ لِمَآ اُغْلِقَ وَالْمُعْلِنِ

ختم کرنے والے اس (نبوت) کے کہ چلی آئی ہے اور کھولنے والے اس کے جو بند تھی اور ظاہر

اَلْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَیْشَاتِ الْاَبَاطِیْلِ

کرنے والے حق کو حق سے اور توڑنے والے باطل گروہوں کے جس طرح

کَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ لِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا

کہ وہ اٹھائے گئے پس آمادہ ہوگئے تیرے حکم پر تیری فرمانبرداری کیلئے تیار

فِیْ مَرْضَاتِكَ بِغَیْرِ نَکَلٍ عَنْ قَدَمٍ وَّلَا وَهْنٍ

ہو کر تیری خوشنودیوں میں بغیر رکاوٹ کے قدم میں اور بغیر سستی ارادے میں

فِیْ عَزْمٍ وَاعِیًا لِوَحْیِكَ حَافِظًا لِعَهْدِكَ

نگہدار ہو کے تیری وحی کے محافظ ہو کے تیرے عہد کے۔

Marfat.com

مَاضِيًا عَلٰى نِفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا

چلنے والے تیرے تیرا حکم جاری کرنے پر یہاں تک کہ روشن کر دیا شعلہ لینے

لِقَابِسٍ اٰلَاۗءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ

والے کے لئے خدا کی نعمتیں ملا دیتی ہیں ان کے حقداروں کو ان کے اسباب سے

هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ

انہیں سے ہدایت ملی دلوں کو بعد فتنے اور گناہ کے مل جانے کے بعد

وَاَنْهَجَ مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ

اور واضح کر دیا کھولے ہوئے نشانوں کو اور اسلام کی روشن کرنے والی

وَنَآئِرَاتِ الْاَحْكَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَاْمُوْنُ وَ

چیزوں کو اور روشن حکموں کو پس وہ تیرے امانت دار بے کھٹکے اور

خَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَشَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ

حافظ تیرے علم محفوظ کے اور گواہ تیرے قیامت کے دن

وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً

اور تیری بھیجی ہوئی نعمت اور تیرے پیغمبر برحق بطور رحمت کے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ افْسَحْ لَہٗ مَفْسَحًا فِی عَدْنِكَ وَاجْزِہٖ

اے اللہ میرے کشادہ کر دے ان کے کشادہ محل کو اپنی جنت میں اور جزا

مُضَاعَفَاتِ الْخَیْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُھَنَّاتٍ لَہٗ

انھیں چند در چند نیکی میں اپنے فضل سے کہ خوشگوار ہوں ان کیلئے

غَیْرَ مُکَدَّرَاتٍ مِنْ وُفُوْرِ ثَوَابِكَ الْمَضْنُوْنِ

ناپسندیدہ نہ ہوں، اپنے زیادہ ثواب خاص

وَجَزِیْلِ عَطَآئِكَ الْمَخْزُوْنِ اَللّٰھُمَّ اَعْلِ عَلٰی

اور اپنی بزرگ بخشش محفوظ سے۔ اے اللہ میرے بلند کر

بِنَآءِ الْبَانِیْنَ بِنَآءَہٗ وَاَکْرِمْ مَثْوَاہُ لَدَیْكَ وَ

بنا کرنے والوں کی بناء پر ان کی بنا کو اور بزرگ کر ان کے رہنے کی جگہ کو

نُزُلَہٗ وَاَتْمِمْ لَہٗ نُوْرَہٗ وَاجْزِہٖ مِنْ اِبْتِعَاثِكَ

اپنے پاس، اور پورا کر ان کے لئے انکا نور اور انھیں جزا دے انکے

لَہٗ مَقْبُوْلَ الشَّھَادَۃِ وَمَرْضِیَّ الْمَقَالَۃِ

مبعوث کرنے سے جن کی گواہی تیرے ہاں قبول اور ان کی کلام تجھے پسند ہے

Marfat.com

ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ وَّخُطَّةٍ فَصْلٍ وَحُجَّةٍ وَ

جن کی کلام انصاف والی — حق کا قدم فیصلہ کرنے والا حکم اور

بُرْهَانٍ عَظِيْمٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا سَامِعِيْنَ

بڑی دلیل والا — اے اللہ میرے ہمیں بنادے سننے والے

مُطِيْعِيْنَ وَ اَوْلِيَآءَ مُخْلِصِيْنَ وَرُفَقَآءَ مُصَاحِبِيْنَ

فرمانبردار اور دوست بے ریا اور ہمیشہ ساتھ رہنے والے۔

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ وَارْدُدْ عَلَيْنَا مِنْهُ

اے اللہ میرے پہنچادے انکو ہم سے سلام اور ہم پر پھیر دے ان سے

السَّلَامَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ عَدَدَ

سلام۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ نبی پر بشمار اسکے

مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

جس نے درود بھیجا ہے ان پر تیری مخلوق میں سے اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ

النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ

نبی پر جیسا کہ سزا دار ہے ہم کو درود بھیجیں ہم پر ان پر اور درود بھیج

Marfat.com

عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ

حضرت محمدؐ نبی پر جیسا کہ تو نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم ان پر درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ

بھیجیں اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر یہاں تک کہ باقی نہ رہے تیری رحمت

شَیْءٌ وَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ

سے کچھ اور برکت دے حضرت محمدؐ کو یہاں تک کہ نہ باقی رہے تیری برکتوں سے

شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ

کچھ اور سلامتی بھیج حضرت محمدؐ پر یہاں تک کہ باقی نہ رہے

السَّلَامِ شَیْءٌ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتّٰی لَا یَبْقٰی

سلامتی سے کچھ اور رحم کر حضرت محمدؐ پر یہاں تک کہ نہ باقی رہے

مِنْ رَحْمَتِکَ شَیْءٌ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّی

تیری رحمت سے کچھ جزا دے اللہ ہماری طرف سے حضرت محمد صلی اللہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

علیہ وسلم کو اس چیز سے جس کے وہ قابل ہیں۔ اے اللہ میرے رحمت

Marfat.com

عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ

بھیج حضرت محمدؐ کی روح پر روحوں میں اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ کے جسم

مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی

مبارک پر جسموں میں اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ کی قبر پر

الْقُبُوْرِ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

قبروں میں، یقیناً اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

اے وہ لوگو کہ ایمان لائے ہو درود بھیجو ان پر اور سلام بھیجو پورا پورا

تَسْلِيْمًا لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ

سلام۔ میں حاضر ہوں۔ اے اللہ میرے پروردگار میرے اور نیکی تیری ہی ہے

صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

رحمتیں اللہ بڑی بخشش والے مہربان کی اور ان فرشتوں کی

الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَ

جو مقرب ہیں اور پیغمبروں اور صدیقوں اور

لہ یہ درود شریف سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت پر بطور جنازہ کے پڑھا گیا۔ (زرقانی جلد ۸ ص ۲۹۳)

Marfat.com

الشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَمَا سَبَّحَ لَکَ مِنْ

شہیدوں اور نیک کاروں کی اور اس کی جس نے تیری تسبیح کی

شَیْءٍ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

ہے کوئی چیز ہو اے پروردگار جہانوں کے نازل ہوں ہمارے سردار محمدؐ پر کہ

بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَسَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

بیٹے ہیں عبداللہ کے، ختم کرنے والے پیغمبروں کے اور سردار رسولوں کے

وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

اور پیشوا پرہیزگاروں کے اور رسول سب جہانوں کے پروردگار کے،

الشَّاهِدِ الْبَشِیْرِ الدَّاعِیْ اِلَیْکَ بِاِذْنِکَ

گواہ بشارت دینے والے بلانے والے تیری طرف تیرے حکم سے،

السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ وَعَلَیْهِ السَّلَامُ۔ اَللّٰهُمَّ

چراغ ہمیشہ روشن رہنے والا اور ان پر سلام ہو۔ اے اللہ میرے

تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدِنِ الْکُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ

قبول کر بڑی شفاعت حضرت محمدؐ کی اور بلند کر ان کا درجہ

Marfat.com

الْعُلْيَا وَاَعْطِهِ سُؤْلَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

بڑا اور دے انہیں جو وہ مانگیں قیامت اور دُنیا

كَمَآ اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

میں جیسا کہ دیا تو نے ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کو۔ اے اللہ میرے کردے

مُحَمَّدًا مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ كَرَامَةً وَمِنْ

حضرت محمدؐ کو اپنے بزرگ بندوں میں سے اپنے نزدیک بزرگی میں اور بلندتر

اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً وَمِنْ اَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ

ان سے اپنے نزدیک درجے میں اور بڑا زیادہ ان سے اپنے نزدیک

خَطَرًا وَمِنْ اَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً اَللّٰهُمَّ

قدر میں اور قادر زیادہ ان سے اپنے نزدیک شفاعت میں۔ اے اللہ میرے

اَتْبِعْهُ مِنْ اُمَّتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ

تابع کر ان کے ان کی امت اور اولاد سے وہ چیز جس سے ٹھنڈی ہو آنکھ ان کی

وَاجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ

اور جزا دے ان کو ہماری طرف سے بہتر اس سے کہ تو نے جزا دی کسی پیغمبر کو انکی امت سے

Marfat.com

وَاجْزِ الْاَنْبِيَآءَ كُلَّهُمْ خَيْرًا وَّ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

اور جزا دے کل پیغمبروں کو بہتر اور سلام ہو پیغمبروں پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور سب تعریف خدا جہانوں کے پالنے والے کو ہے اے اللہ میرے رحمت بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَ

حضرت محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر اور ان کے یاروں اور ان کی اولاد اور

اَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ

ان کے گھر والوں اور ان کی نسل اور ان کے دوستوں اور انکے پیروؤں اور انکے

وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

گروہوں اور ہم پر ان کے ساتھ سب پر اے بڑے رحم کرنے والے رحم کرنیوالوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ

اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمد پر دنیا بھر اور

الْاٰخِرَةِ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ

آخرت بھر اور برکت کر محمد پر دنیا بھر

Marfat.com

الْاٰخِرَةِ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا مِلْأَ الدُّنْيَا وَمِلْأَ الْاٰخِرَةِ

آخرت بھر اور رحم کر محمدؐ پر دنیا بھر اور آخرت بھر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

اے اللہ میرے تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے اے اللہ اے رحم کرنیوالے اے مہربان

یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ یَآ اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ یَا عِمَادَ

اے رہائی رہائی مانگنے والوں کے اے امن ڈرنے والوں کے اے آسرا اس کے

مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ یَا ذُخْرَ

جس کا کوئی آسرا نہیں ہے اے سند اسکے جس کے لئے سند نہیں اے ذخیرہ

مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ یَا حِرْزَ الضُّعَفَآءِ یَا كَنْزَ

اسکے جس کے لئے ذخیرہ نہیں اے جائے پناہ ناتوانوں کے اے خزانہ

الْفُقَرَآءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا مُنْقِذَ الْھَلْكٰی

محتاجوں کے اے بڑی امیدگاہ اے نکالنے والے ہلاک ہونیوالوں کے

یَا مُنْجِیَ الْغَرْقٰی یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا

اے نجات دینے والے ڈوبنے والوں کے اے احسان کرنیوالے اے نیکی کرنیوالے اے

نعمت دینے والے

مُفْضِلُ یَا جَبَّارُ یَا مُنِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَكَ

اُے فضل کرنے والے اے جبّار اے روشن کرنے والے تو وہ ہے کہ تیرے لئے سجدہ کیا

سَوَادُ اللَّیْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَ

رات کی سیاہی نے اور دن کے اُجلے اور آفتاب کی روشنی اور

نُوْرُ الْقَمَرِ وَخَفِیْقُ الشَّجَرِ وَدَوِیُّ الْمَآءِ یَا اَللّٰهُ

چاند کے نور اور درختوں کی آواز اور پانی کی آواز نے اے اللہ

اَنْتَ اللّٰهُ لَا شَرِیْكَ لَكَ اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

تو خدا ہے کوئی شریک تیرا نہیں میں مانگتا ہوں تجھ سے یہ کہ رحمت بھیجے تو

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

حضرت محمدؐ پر کہ تیرے بندے اور تیرے پیغمبر ہیں اور محمدؐ کی اولاد پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی

اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر

الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ

اگلوں اور پچھلوں میں اور بلند مرتبہ لوگوں کے گروہ میں روز

Marfat.com

لِّدِّیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

قیامت تک، اے اللہ میرے رحمت بھیج محمد پر اور محمد کی اولاد پر

کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

جیسا کہ تو دوست رکھتا ہے اور پسند کرتا ہے ان کیلئے اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ

اور محمد کی اولاد پر ایسی رحمت کہ ہو تیرے لئے خوشنودی اور انکے حق کی

اَدَآءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

پوری اور دے ان کو وسیلہ اور مقام محمود

الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ

جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا اور جزا دے ہم سے ان کو وہ جس کے قابل ہوں اور

اجْزِہٖ عَنَّآ اَفْضَلَ مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ وَ

جزا دے ہم سے ان کو بہتر اس سے کہ تو نے جزا دی کسی نبی کو ان کی امت سے اور

صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصّٰلِحِیْنَ

رحمت بھیج ان کے سب بھائیوں پر یعنی جو پیغمبروں اور نیک کاروں میں سے ہیں

Marfat.com

یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ - اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی

اے بڑے رحم کرنے والے رحم کرنیوالوں کے ۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ

پہلوں میں اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر پچھلوں میں اور رحمت بھیج

عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی

حضرت محمدؐ پر نبیوں میں اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی

رسولوں میں اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر بلند مرتبہ والے گروہ میں

اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ - اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی

روز جزا تک - اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر یہاں تک

تَرْضٰی وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بَعْدَ الرِّضَا وَصَلِّ عَلٰی

کہ تو راضی ہو اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر بعد راضی ہونے کے اور رحمت بھیج حضرت

مُحَمَّدٍ اَبَدًا اَبَدًا - اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا

محمدؐ پر ہمیشہ ہمیشہ - اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمد پر جس طرح

اَمَرْتَ بِالصَّلٰوةِ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا

حکم کیا تو نے اُن پر درود کا اور رحمت بھیج حضرت محمد پر جیسا کہ تو

تُحِبُّ اَنْ یُصَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا

پسند کرتا ہے کہ درود بھیجا جائے ان پر اور رحمت بھیج حضرت محمد پر جیسا کہ تو نے

اَرَدْتَّ اَنْ یُصَلّٰی عَلَیْهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ارادہ کیا یہ کہ ان پر درود بھیجا جائے اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

عَدَدَ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ رِضَآءَ نَفْسِكَ وَصَلِّ

بشمار اپنی مخلوق کے اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر اپنی ذات کی خوشنودی کے موافق

عَلٰی مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِدَادَ

اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر بوزن اپنے عرش کے اور رحمت بھیج حضرت محمد پر بمقدار

کَلِمَاتِكَ الَّتِیْ لَا تَنْفَدُ اَللّٰھُمَّ وَاَعْطِ مُحَمَّدَا

اپنے کلموں کے جو ناقص نہیں ہوتے ، اے اللہ میرے اور دے حضرت محمدؐ کو

نِالْوَسِیْلَةَ وَالْفَضْلَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

وسیلہ اور بزرگی اعلیٰ . فضیلت اور درجہ

الرَّفِیْعَۃَ۔ اَللّٰھُمَّ عَظِّمْ بُرْھَانَہٗ وَاَفْلِجْ حُجَّتَہٗ

بلند　اے اللہ میرے بڑی کر اُن کی دلیل　اور ظاہر کر انکی حجت

وَاَبْلِغْہُ مَاْمُوْلَہٗ فِیْ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ اُمَّتِہٖ

اور پہنچا دے انکو ان کے مقصود تک ان کے گھر والوں اور ان کی امت میں

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَبَرَکَاتِکَ وَرَأْفَتَکَ

اے اللہ میرے کر دے اپنی رحمتیں　اور برکتیں　اور اپنی مہربانی

وَرَحْمَتَکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ وَصَفِیِّکَ وَعَلٰی آلِ

اور اپنی رحمت حضرت محمد پر کہ تیرے محبوب اور تیرے خالص پسندیدہ ہیں اور

اَھْلِ بَیْتِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ

انکے گھر والوں پر کہ پاک　طاہر ہیں۔　اے اللہ میرے

ویطہرکم تطہیرا

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ

رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر بہتر اس سے کہ تو نے رحمت بھیجی ہو کسی پر

مِنْ خَلْقِکَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِثْلَ ذٰلِکَ وَ

اپنی مخلوق میں سے اور برکت کر حضرت محمدؐ پر　مثل اس کے　اور

Marfat.com

اَرْحَمْ مُحَمَّدًا مِثْلَ ذٰلِکَ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

رحم کر محمدؐ پر مثل اس کے۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت

مُحَمَّدٍ فِی الَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر رات میں جبکہ چھپالے اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

فِی النَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرَۃِ

دن میں جبکہ روشن ہو اور رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر آخرت

وَالْاُوْلٰی۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الصَّلٰوۃَ التَّآمَّۃَ

اور دنیا میں۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر رحمت کامل

وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الْبَرَکَۃَ التَّآمَّۃَ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور برکت دے حضرت محمدؐ کو برکت کامل اور سلامتی بھیج

مُحَمَّدِ نِ السَّلَامَ التَّآمَّ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

حضرت محمدؐ پر کامل سلامتی۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَآئِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَۃِ

کہ پیشوا بھلائی کے اور پیش رو بھلائی کے اور رسول رحمت کے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَصَلِّ

اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمد پر ہمیشہ ہمیشہ اور رحمت بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

حضرت محمد پر کہ ہمیشہ ہمیشہ ۔ اے اللہ میرے رحمت بھیج

مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْاَبْطَحِيِّ

حضرت محمد پر کہ پیغمبر امی ہیں قریش والے ہاشم والے ابطح والے

التِّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْهِرَاوَةِ وَالْجِهَادِ

تہامہ والے مکے والے صاحب تاج اور عصا اور جہاد اور جیب اور جہاد

وَالْكَرَامَةِ وَالْمَغْنَمِ وَالْمَقْسِمِ صَاحِبِ الْخَيْرِ

اور بزرگی اور مال غنیمت کے اور بانٹنے والے صاحب نیکی

وَالْمِيْرِ صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا وَالْاٰيَاتِ

اور فائدے کے صاحب لشکر اور بخشش کے اور عاجز کرنے

الْمُعْجِزَاتِ وَالْعَلَامَاتِ الْبَاهِرَاتِ وَالْمَقَامِ

والی نشانیوں کے اور ظاہر علامتوں کے اور مقام

الْمَشْهُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ وَالشَّفَاعَةِ وَالسُّجُوْدِ

مشہود کے اور اس حوض کے جس پر لوگ حاضر ہوں گے اور صاحب شفاعت اور

لِلرَّبِّ الْمَحْمُوْدِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

سجدوں کے واسطے پروردگار تعریف کئے گئے کے اے اللہ میرے رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ

بشمار اسکے جسنے درود بھیجا ان پر اور درود بھیج حضرت محمدؐ پر بشمار اسکے جسنے درود نہ

يُصَلِّ عَلَيْهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

بھیجا ان پر اے اللہ میرے رحمت بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر

نِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ بِنُوْرِهِ الظُّلَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

جنکے نور سے اندھیرے روشن ہو گئے اے اللہ میرے رحمت بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّكُلِّ الْاُمَمِ

ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر جو سب امتوں پر رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ

اے اللہ میرے رحمت بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر کہ سرداری اور مختاری کیلئے

لِلسِّيَادَةِ وَالرِّسَالَةِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

چن لئے گئے تھے قبل پیدائش لوح اور قلم کے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَوْصُوْفِ

اے اللہ میرے رحمت بھیج ہمارے سردار حضرت محمد پر کہ تعریف کیے گئے ہیں

بِاَفْضَلِ الْاَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

عمدہ عادتوں اور خصلتوں سے اے اللہ میرے رحمت بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَخْصُوْصِ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ

ہمارے سردار حضرت محمد پر کہ خالص کیے گئے ہیں جوامع الکلم اور

وَخَوَآصِّ الْحِكَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

خاص حکمتوں کے ساتھ اے اللہ میرے رحمت بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ لَا تُنْتَهَكُ فِىْ مَجَالِسِهٖ

حضرت محمد پر جن کی مجلسوں میں پردہ دری نہ کی جاتی تھی بے گناہوں

الْحُرَمُ وَلَا يُغْضِىْ عَنْ مَنْ ظَلَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی اور نہ وہ خوش ہوتے تھے اس سے جس نے ظلم کیا اے اللہ میرے رحمت

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ اِذَا مَشٰى

بھیج ہمارے سردار حضرت محمد پر وہ کہ جب چلتے تھے

